© rasailojaraid.com



محمد سلمان قریشی

# منقبت در مدحِ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ

تیرا عمرؓ ، میرا عمرؓ ، اعلیٰ عمرؓ ، اولیٰ عمرؓ
ذاتِ نبیؐ پاک کے پہلو میں ہے سویا عمرؓ

میرے نبیؐ پاک نے کی تھی خُدا سے التجا
ہشام دے یا دے مجھے خطاب کا بیٹا عمرؓ

اللہ نے منظور کی محبوب ﷺ کی یہ بات اور
دے ہی دیا اسلام کو جو شخص تھا یکتا عمرؓ

جس نے عراق و روم میں اپنی شجاعت پیش کی
ایران کے کفار سے جو ہے لڑا تنہا عمرؓ

شیطان جس کے سائے سے رہتا ہمیشہ دُور ہے
اللہ کا صد شکر ہے اس نے ہمیں بخشا عمرؓ

جس کی وجہ سے خانہء کعبہ میں پڑھتے ہیں نماز
وہ باوفا ذی شانِ حق اور معتبر ٹھہرا عمرؓ



© rasailojaraid.com